**Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar**

Date : 21 June 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۲۱؍جون ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

**پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...**

☆ **دسویں بین الاقوامی یوگا دِن کے موقعے پر ملک بھر میں مختلف پروگرامس کا انعقاد**

☆ **NEET 2024 معاملہ کی جانچ کے لیے مرکزی حکومت کی طرف سے اعلیٰ سطحی کمیٹی قائم**

☆ **ریاست میں سفید راشن کارڈ ہولڈرس کومہاتما جیوتی راؤ پھُلے جَن آروگیہ اسکیم اور آیوشمان بھارت وزیر اعظم اسکیم کا فائدہ حاصل**

**اور**

☆ **T-20 ؍عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ کے Super Eight میں بھارت کی 47 ؍رنوں سے فتح**

**اب خبریں تفصیل سے...**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ یوگ یہ سماج میں مثبت تبدیلی کا نیا راستہ تیار کررہا ہے۔آج دسویں بین الاقوامی یوگ دن کے موقع پر جموں کشمیر کے شری نگر میں منعقدہ پروگرام سے وہ خطاب کررہے تھے۔انھوں نے کہا کہ گزشتہ 10 ؍سالوں میں یوگ اپنی حد سے باہر آیا ہے اور دنیا بھر میں یوگا کا فائدہ لوگوں میں بیداری پیدا کررہا ہے۔

جموں وکشمیر کے نائب گورنر منوج سنہا ، مرکزمملکتی وزیر آیوش پرتاپ راؤ جادھو سمیت دیگر اِس یوگا مشق میں شریک ہوئے۔یوگ دن آج ملک بھر میں منایا جارہا ہے۔''خود کے لیے اور سماج کے لیے یوگ ''اِس یوگا دن کا نعرہ ہے۔

دِلّی میں وزیر صحت جے پی نڈا اطلاعات ونشریات کے وزیر اشوِنی ویشنو ' وزیر خارجہ ایس جے شنکر ' متھرا میں وزیر دفاع راجناتھ سنگھ ' ناگپور میں ی وزیر برائے حمل ونقل نتن گڈکری جبکہ ممبئی میں وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے و نائب وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس اور وزیر معاشیات پیوش گوئل نے یوگا مشق میں شرکت کی۔لداخ میں فوج نے جبکہ بحری فوج نے آئی این ایس وِکرانت پر یوگ کی مشق کی چھتر پتی سنبھاجی نگر میں بھی ڈیویژنل اسپورٹس کامپلیکس سمیت مختلف گارڈن ' اسکول ' ضلع اسپورٹس کامپلیکس ۔

ناندیڑ میں شری گروگرنتھ صاحب جی بھون میں جبکہ جالنہ میں ضلع اسپورٹس کامپلیکس پر اجتماعی یوگ مظاہرے کیے گئے۔ہنگولی شہر میں کل یوگ بیداری ریلی نکالی گئی۔یوگ بیداری کے لیے تمام رضا کار تنظیموں نے ریلی میں حصہ لیا۔

***** ***** *****

طبی تعلیم کے داخلہ کے لیے منعقدہ ایٹ 2024ء سے متعلق معاملوں کی جانچ کے لیے ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی کا قیام کرنے کا اعلان مرکزی وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان نے کیا ہے۔وہ کل نئی دِلّی میں صحافتی کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔انھوں نے کہا کہ قومی تعلیمی کاؤنسل اور اِس کے کام کرنے کے طریقے میں سُدھار کرنے کے لیے اِس کمیٹی کی جانب سے سفارشات متوقع ہیں۔

دریں اثناء نیٹ بے ضابطگی معاملہ سے متعلق مختلف ہائی کورٹس میں جاری تمام مقدمات کو سپریم کورٹ میں لے جانے کا مطالبہ کروانے والے قومی تفتیشی ایجنسی کی عرضی معاملہ میں سپریم کورٹ نے کل متعلقین کو نوٹس جاری کیا ہے۔اِن تمام عرضیوں پر شنوائی آئندہ 8 رجولائی کو ہوگی۔

مرکزی تفتیشی ایجنسی سی بی آئی نے یو جی سی نیٹ امتحان میں ہوئی بے ضابطگی سے متعلق مقدمہ درج کیا ہے۔تعلیمی محکمہ کے سیکریٹری کی دائر کردہ شکایت پر نامعلوم ملزمین کے خلاف یہ مقدمہ درج کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

ممبئی گریجویٹ حلقہ انتخاب میں اپنی پارٹی کے امیدواروں کی عرضی کو مسترد کرنے کا الزام شیوسینا ادھو بالا صاحب ٹھاکرے گروپ کے امیدوار انیل پرب نے عائد کیا ہے۔وہ کل ممبئی میں صحافتی کانفرنس سے مخاطب تھے۔انھوں نے کہا کہ درخواستیں کیوں مسترد ہوئی اِس کی وجوہات بتانے کا مطالبہ الیکشن دفتر سے کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

لوک سبھا انتخابات کے بعد ای وی ایم کی جانچ کرنے کی تقریباً 11/درخواستیں موصول ہوچکی ہیں۔ اِن میں احمد نگر لوک سبھا حلقہ کے شکست خوردہ امیدوار ڈاکٹر سوجے وِکھے پاٹل کی درخواست بھی شامل ہیں۔مختلف ودھان سبھا حلقہ انتخاب کے 40/انتخابی مراکز کی ای وی ایم اور وی وی وی پیٹ سلپ کی گنتی کے لیے کمیشن کو 18/لاکھ 88/ہزار روپئے فیس جمع کرنے کی اطلاع وکھے پاٹل نے دی۔

***** ***** *****

دِلّی کے وزیر اعلیٰ ارونِد کیجری وال کو شراب پالیسی معاملہ میں دِلّی کے داؤس ایوِ نیو کورٹ نے ضمانت منظور کی ہے۔ایک لاکھ روپئے کے ذاتی مچلکے پر یہ ضمانت دی گئی ہے۔کیجری وال کو اِس معاملہ میں 21/مارچ کو گرفتار کیا گیا تھا۔

***** ***** *****

18/ویں لوک سبھا کا اجلاس شروع کرنے کے لیے صدر جمہوریہ دروپدی مُرمو نے بی جے پی کے رکن پارلیمان بھتر ہری مہتاب کی ہنگامی لوک سبھا اسپیکر کے طور پر تقرری کی ہے۔

مرکزی وزیر امور پارلیمنٹ کرن ریجی جو نے اِس معاملہ میں ٹوئیٹ کرکے یہ جانکاری دی۔آئندہ پیر سے پارلیمنٹ کا اجلاس شروع ہوگا۔

***** ***** *****

ریاست کے سفید راشن کارڈ ہولڈرس خاندانوں کو بھی اب مہا تما جیوتی راؤ پھلے جن آروگیہ اسکیم اور آیوشمان بھارت وزیر اعظم اسکیم کا فائدہ ملے گا۔اِس کے لیے سفید راشن کارڈ کو آدھار کارڈ سے لنک کرنے کے احکامات اغذیہ وشہری رسد اور تحفظ صارفین محکمہ نے کل تمام ضلع سپلائی افسران کو دیے ہیں۔اِس کی وجہ سے ریاست کے لاکھوں سفید راشن کارڈ ہولڈر خاندانوں کو طبی سہولیات ملنے کا راستہ صارف ہوگیا ہے۔

***** ***** *****

T-20/عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ کے سوپر ایٹ میں بھارت نے افغانستان کو 47/رنوں سے شکست دے دی۔کل بارباڈوش میں ہوئے مقابلہ میں پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے بھارتی ٹیم نے مقررہ اوورس میں 181/رن بنائے۔سوریہ کمار یادو نے 53/ہاردک پانڈیا 32/ اور وِراٹ کوہلی نے 24/رنز بنائے اِس کے جواب میں افغانستان کی ٹیم 134/رن پر آل آؤٹ ہوگیا۔جسپریت بمراہ اور ارشدیپ سنگھ نے

فی کس 3 رجبکہ کلدیپ یادو نے 2 روکٹ لیے۔ سوریہ کمار یادو کو پلیئر آف دی میچ قرار دیا گیا۔ اِس ٹورنامنٹ میں فی الحال آسٹریلیا اور بانگلہ دیش کے مابین میچ جاری ہے جبکہ شام میں انگلینڈ اور جنوبی افریقہ کا میچ ہوگا۔

***** ***** *****

بہار حکومت کا سرکاری نوکریوں اور تعلیمی اِداروں میں لاگو اضافی ریزرویشن کو پٹنہ ہائی کورٹ نے ک منسوخ کر دیا۔ سپریم کورٹ نے مقرر کردہ 50 رفیصد ریزرویشن کی حد بدل کر بہار حکومت نے یہ ریزرویشن کو 65 رفیصد تک بڑھا دیا تھا۔

***** ***** *****

راشٹر وادی کانگریس شرد چندر پوار گروپ کے صدر شرد پوار نے کہا ہے کہ مراٹھا اور او بی سی سماج کے مطالبہ پر غور کرنے کے لیے مرکزی حکومت قدم بڑھائیں۔ وہ کل بارامتی میں صحافتی کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ سماجوں کے احتجاج کی وجہ سے سماجی تناؤ نہ ہو اِس کے لیے حکومت غور کریں۔

***** ***** *****

آئندہ 2 ردنوں میں وسطی مہاراشٹر اور مراٹھواڑہ کے کچھ مقامات پر جبکہ وِدربھ کے اکثر مقامات پر بارش ہونے کا امکان پونا محکمہ موسمیات نے ظاہر کیا ہے۔ ان اوقات میں چھترپتی سنبھاجی نگر ' جالنہ ' پربھنی 'لاتور ' دھاراشیو میں گھن گرج کے ساتھ ہلکی جبکہ ناندیڑ اور ہنگولی ضلع میں زوردار ہواؤں اور گھن گرج کے ساتھ درمیانی بارش کا امکان ہے۔

دریں اثناء کل چھترپتی سنبھاجی نگر میں دوپہر کے وقت بارش ہوئی۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر کے میونسپل ایڈمسنٹریٹر جی شریکانت کی پہل سے شروع ہمیں کھیلنے دو مہم کے تحت بین الاقوامی سطح کے 4 رپلے پارک بنانے کے لیے سی ایس این فرسٹ نے پہل کی ہے۔ اِس کے تحت پہلے پلے پارک کی تعمیر کے لیے معاہدہ پر کل دستخط کیے گئے۔ یہ پارک جیوتی نگر علاقہ میں تعمیر ہوگا۔

***** ***** *****

جالنہ ضلع کے وڈی گودری میں او بی سی ریزویشن معاملہ میں بھوک ہڑتال کررہے لکشمن ہاکے اور نوناتھ واگھمارے کی مزاج پُرسی پرکل ودھان سبھا کے قائد حزب اختلاف وجے وڈیٹی وار نے کی ۔ دریں اثناء ان لیڈروں سے بات کرنے کے لیے حکومت کا ایک وفد وڈی گودری آنے کی اطلاع ہے۔

***** ***** *****

اناصاحیب پاٹل معاشی پسماندگی ترقی بورڈ کی جانب سے ضلعے کے ہرایک تعلقہ میں مستفدین کی تعداد ایک ہزار تک لے جانے کا ہدف ہونے کی اطلاع بورڈ کے صدر نریندر پاٹل نے دی ہے۔ وہ کل چھترپتی سنبھاجی نگر میں بورڈ کی جائزاتی میٹنگ سے مخاطب تھے۔

انھوں نے کہا کہ بورڈ کی اسکیموں کو دیہی سطح اور تعلقہ سطح پر پہنچانے کی کوشش جاری ہے۔

***** ***** *****

آلندی پنڈھرپور پالکھی راستہ کے مخصوص 10/ گاؤں میں 25/ جون تا 17/ جولائی میں وارکریوں کی زندگی پر مبنی ڈھی مراٹھی فلم دکھائی جائے گی۔ آلندی میں 25/ جون کو اعلی و تکنیکی تعلیم کے وزیر چندرکانت پاٹل کے ہاتھوں اِس کا افتتاح ہوگا۔ دریں اثناء ناسک ضلع کے ترمبکیشور سے سنت نیورتی ناتھ مہاراج کی پالکھی نے تقریباً 8/ ہزار وارکریوں سمیت کل پنڈھرپور کی جانب رخ کیا۔

***** ***** *****

آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...

☆ دسویں بین الاقوامی یوگا دِن کے موقعے پر ملک بھر میں مختلف پروگرامس کا انعقاد

☆ NEET 2024 معاملہ کی جانچ کے لیے مرکزی حکومت کی طرف سے اعلیٰ سطحی کمیٹی قائم

☆ ریاست میں سفید راشن کارڈ ہولڈرس کو مہاتما جیوتی راؤ پھُلے جَن آروگیہ اسکیم اور آیوشمان بھارت وزیر اعظم اسکیم کا فائدہ حاصل

اور

☆ T-20 /عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ کے Super Eight میں بھارت کی 47 / رنوں سے فتح

علاقائی خبریں ختم ہوئیں

آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

☆☆☆